خسرے کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات

خسرہ کیا ہے؟

خسرہ ایک انتہائی متعدی وائرل مرض ہے جس کی وجہ سے بخار اور پتّی ہو جاتی ہے۔

خسرہ کس کو ہوتا ہے؟

جس کو بھی ٹیکہ نہیں لگا ہے اسے کسی بھی عمر میں خسرہ ہو سکتا ہے۔

خسرہ کس طرح پھیلتا ہے؟

خسرے کا وائرس کسی متاثرہ فرد کی ناک اور حلق کی لعابی جھلی میں زندہ رہتا ہے۔ جب وہ فرد چھینکتا یا کھانستا ہے تو خسرے کا وائرس ہوا میں پھیل جاتا ہے اور لوگ اس وائرس کو سانس کے ذریعہ اندر لے سکتے ہیں۔ وائرس دو گھنٹوں تک ہوا میں فعال اور متعدی رہتا ہے۔

مرض کافی متعدی ہے — اگر یہ کسی فرد کو ہو تو ان کے آس پاس موجود 90 فیصد لوگوں کو یہ ہو جائے گااگر وہ مامون نہ ہوں ۔

خسرہ کی علامات کیا ہیں؟

خسرے کی ابتدائی علامات میں بخار (جو 103 سے 105 ڈگری F تک پہنچ سکتا ہے)، کھانسی، ناک بہنا اور سرخ ہونا اور آنکھوں میں پانی آنا شامل ہے۔ علامات شروع ہونے کے تین سے پانچ دن بعد، سرخ دھبوں کی ایک پتّی چہرے پر ظاہر ہوتی ہے اور پھر پورے بدن پر پھیل جاتی ہے۔

علامات کتنی جلدی ظاہر ہوتی ہیں؟

علامات عموماً وائرس کو سانس کے ذریعہ اندر لینے کے 10 سے 12 دنوں کے بعد ظاہر ہوتی ہیں؛ علامات اس کی زد میں آنے کے ساتویں دن ہی یا 21 دنوں کے بعد بھی شروع ہو سکتی ہیں۔

خسرے میں مبتلا کوئی فرد اسے دوسروں کو کب پھیلا سکتا ہے؟

کوئی فرد پتّی ظاہر ہونے سے چار دن پہلے سے لے کر اس کے چار دن بعد تک خسرہ پھیلا سکتا ہے۔

کیا کسی کو ایک بار سے زائد خسرہ ہو سکتا ہے؟

نہیں۔ انفیکشن کسی فرد کو اس کی باقی زندگی کے لیے مامون بنا دیتا ہے؛ اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں یہ دوبارہ نہیں ہو سکتا ہے۔

کیا خسرہ کو روکنے کے لیے کوئی ٹیکہ موجود ہے؟

ہاں۔ خسرے کا ٹیکہ بچے کی پہلی سالگرہ کے وقت یا اس کے بعد لگایا جاتا ہے۔ اسے گلسوئے، اور روبیلا کے ٹیکوں کے ساتھ MMR (خسرہ، گلسوئے اور روبیلا) نامی ایک ٹیکے میں ملا دیا جاتا ہے۔ 4 یا 6 سال کی عمر میں اسکول میں بچے کے داخل ہونے سے قبل MMR کی دوسری خوراک تجویز کی جاتی ہے۔ جس کو بھی خسرے کی دو خوراکیں موصول ہو گئی ہوں تو اسے مامون مانا جاتا ہے اور اسے خسرہ ہونے کا امکان نہیں ہوتا ہے۔

خسرہ کا علاج کیا ہے؟

خسرے کے وائرس کا علاج کرنے کے لیے کوئی مخصوص دوا نہیں ہے، لیکن ایسی دوائیں موجود ہیں جو کچھ علامات کا علاج کر سکتی ہیں جیسے کہ تیز بخار کو کم کرنے کی دوا۔

کیا خسرہ صحت کے دیگر مسائل کا سبب ہو سکتا ہے؟

رپورٹ کردہ خسرے کے قریب ایک تہائی معاملات میں کم از کم ایک پیچیدگی ہوتی ہے۔ خسرے کی وجہ سے پیدا ہونے والے صحت کے مسائل میں اسہال، کان میں انفیکشن، نمونیہ، غشی کے دورے اور دماغ اور اعصابی نظام کے انفیکشن شامل ہیں۔ کچھ معاملات میں، خسرے کی وجہ سے موت واقع ہو سکتی ہے۔ حاملہ خواتین میں، خسرے کی وجہ سے اسقاط اور قبل از وقت درد زہ ہو سکتا ہے۔ خسرہ عمر کے ہر گروپ میں سنگین ہو سکتا ہے۔ تاہم، شیر خوار، چھوٹے بچے اور حاملہ خواتین اور کمزور نظام مامونیت والے افراد کا خسرے کی پیچیدگیوں میں مبتلا ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔

خسرہ کو کس طرح روکا جا سکتا ہے؟

خسرے کو روکنے کا بہترین طریقہ ٹیکہ کاری ہے۔ 1 جنوری 1957 کے بعد پیدا شدہ کسی کو بھی، جسے خسرے پر مشتمل ٹیکے کی دو خوراکیں موصول نہ ہوئی ہوں یا جن کے خون کی جانچ سے یہ ثابت نہ ہو کہ انہیں پہلے ہی خسرے سے مامون بنا دیا گیا ہے انہیں MMR کے ٹیکے (خسرہ، گلسوئے اور روبیلا کے مشترک ٹیکے) کی دو خوراکیں موصول کرنی چاہئیں۔ نگہداشت صحت کے کارکنان سے خسرے پر مشتمل ٹیکے کی دو خوراکیں موصول کرنے یا خون کی جانچ کروانے کا تقاضا کیا جاتا ہے جس سے پتا چلے کہ وہ مامون ہیں۔ پری کنڈر گارٹن اور یومیہ نگہداشت کے پروگراموں میں اندراج یافتہ تمام بچوں سے خسرے کے ٹیکے کی ایک خوراک موصول کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ اسکول میں اندراج یافتہ بچوں اور کالج یا یونیورسٹی کے طلبہ پر خسرے کی دو خوراکیں لینا لازم ہے۔ 13 جون، 2019 سے، نیویارک اسٹیٹ میں اسکولوں میں مامونیت سے مذہبی طور پر استثنی کی اب اجازت نہیں ہو گی۔ یہ قانون نجی اور سرکاری اسکولوں میں پری کنڈرگارٹن سے بارہویں گریڈ تک کے تمام بچوں پر لاگو ہوتا ہے، ان میں چارٹر شدہ اور مقامی اسکول، اور یومیہ نگہداشت اور نگہداشت طفل کے دیگر پروگرام شامل ہیں۔ اسکول اور اور نگہداشت طفل کے پروگرام طبی استثنا وصول کرنا جاری رکھیں گے۔ تمام سابقہ مذہبی استثنا ختم ہو گئی ہیں۔ اسکولوں کے حوالے سے مزید شرائط کے لیےschools.nyc.gov/immunization ملاحضہ کریں۔

کیا MMR (خسرے، گلسوئے اور روبیلا) کا ٹیکہ کارگر ہوتا ہے؟

MMR کا ٹیکہ کافی محفوظ اور مؤثر ہے۔ MMR کے ٹیکے کی دو خوراکیں خسرے کو روکنے میں لگ بھگ 97 فیصد مؤثر ہیں؛ ایک ٹیکہ لگ بھگ 93 فیصد مؤثر ہے۔

کیا خسرے کا ٹیکہ محفوظ ہے؟

MMR کا ٹیکہ لگوانے والے بیشر افراد میں کوئی ضمنی اثرات نہیں ہوتے ہیں۔ بعض افراد کو معمولی ضمنی اثرات جیسے بخار، معمولی پتّی یا گالوں یا گردن میں غدود کی سوجن کا سامنا ہوتا ہے۔ شدید مسائل کافی شاذ و نادر ہیں۔ MMR کے ٹیکے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، امیونائزیشن ایکشن کوالیشن (Immunization Action Coalition): ٹیکے کی معلومات کے بیانات immunize.org/vis/vis_mmr.asp پر ملاحظہ کریں۔

بچوں کو کہاں پر ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے اس بارے میں مزید معلومات کے لیے، 311 پر کال کریں۔

میں MMR یا خسرے کے ٹیکے کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

یہ آن لائن وسائل ملاحظہ کریں:

خسرے (امیونائزیشن ایکشن کوالیشن): vaccineinformation.org/measles

خسرے کا مجموعی جائزہ (مرض کو کنٹرول کرنے کے مراکز): cdc.gov/measles